شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

08 نومبر 2022ء

پریس ریلیز

مصورِ پاکستان علامہ اقبال کے نظریات سے سیاسی رہنماؤں کی لاتعلقی افسوس ناک ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): مصورِ پاکستان علامہ اقبال کے نظریات سے سیاسی رہنماؤں کی لا تعلقی افسوس ناک ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے 9 نومبر کی مناسبت سے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے 1930ء کے خطبہ الٰہ آباد میں برصغیر کے شمال مغرب میں اسلامی ریاست کے قیام کی پیش گوئی کر دی تھی اور اس کے قیام کا مقصد بھی یہ کہہ کر واضح کر دیا تھا کہ یہ ریاست دورِ ملوکیت میں اسلام کے روشن چہرے پر پڑنے والے دھبوں کو مٹا کر حقیقی اسلامی نظام سے دنیا کو روشناس کرائے گی۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے اپنے پیغام میں امت کو اتحاد اور وحدت کا جو درس دیا تھا اُسے بھلا دینے کی وجہ سے مسلمان دنیا بھر میں ذلیل وخوار ہو رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ دشمن مسلمانوں کی باہمی چپقلش اور رسہ کشی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے دنیا بھر میں مسلمانوں کا خون بے دردی سے بہا رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ آج کشمیر اور فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کی نگاہیں بے بسی کے عالم میں امتِ مسلمہ کی طرف اُٹھ رہی ہیں لیکن وہ خود نزاع کی حالت میں ہے اور مسلمان حکمران اسلام دشمن قوتوں کی چاکری کرتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ آج مسلمان علامہ اقبال کے نظریات جو دراصل قرآنی تعلیمات پر مبنی ہیں پر عمل کر کے دنیا میں ناقابل تسخیر قوت بن سکتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمانوں کی آخرت کی فلاح کا انحصار بھی اِسی پر ہے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Tuesday 08 November 2022

"The indifference of our political leaders towards the ideology and thoughts of the architect of Pakistan, Allama Iqbal, is appalling."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The indifference of our political leaders towards the ideology and thoughts of the architect of Pakistan, Allama Iqbal, is appalling."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement apropos 9 November. The Ameer noted that Allama Iqbal had envisioned the creation of an Islamic State in the North-West of the Indian Subcontinent in his Allahabad speech of 1930 and also stated that the objective of creating that state would be to wash away the stains placed on the shining face of Islam during the era of Arab Imperialism, so that the world could be shown the benefits of the genuine Islamic System. The Ameer remarked that the Muslims were facing ignominy and disgrace in the world today because they have forgotten the message of unity and harmony among the Muslim Ummah given by Allama Iqbal. The Ameer said that the enemies of Islam and Muslims are spilling the blood of Muslims around the world unremittingly and heartlessly because of the internal strife and power hungriness amongst the Muslims. He said that the oppressed Muslims of Kashmir and Palestine were looking helplessly towards the Muslim Ummah for help, not to be found, while the rulers of Muslim countries were busy in servitude to the enemies of Islam. The Ameer concluded by stating that the fact is that Muslims today can become an unassailable force by following the ideology and thoughts of Allama Iqbal, which are in fact an exquisite reflection of the edicts of the Holy Qur'an, and that would also make then eligible for success in the Hereafter.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan